© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**الفرقان** (سورۃ البقرہ)، ترتیب و تہذیب: شیخ عمر فاروق۔ ناشر: تدبر القرآن ۱۵-بی، وحدت کالونی، لاہور۔ صفحات: ۷۰۴۔ قیمت: وقف للہ تعالیٰ۔

قرآن پاک کے ترجمے، تشریح، تفسیر اور توضیح کا سلسلہ دیگر زبانوں کی طرح اُردو میں بھی سیکڑوں برس سے جاری ہے۔ خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ (تم میں سے بہترین وہ شخص ہے جو قرآن سیکھے اور اسے سکھائے)۔ زیر نظر کتاب کے مرتب و مؤلف شیخ عمر فاروق صاحب نے بھی اسی جذبے کے تحت چند برس پہلے ہفت روزہ ایشیا میں تشریح قرآن کا سلسلہ شروع کیا تھا جسے بعد ازاں خوب صورت انداز میں طبع کر کے تقسیم کیا گیا۔ وہ جلد پارہ اول پر مشتمل تھی، زیر نظر جلد سورۃ الفاتحہ اور سورۃ البقرہ کو محیط ہے۔

شیخ صاحب نے تفہیم و تشریح میں عربی اور اردو کی قدیم و جدید اور معروف تفسیروں، کتبِ لغت اور عربی قواعد سے مدد لی ہے۔ ہر آیت کا ترجمہ، مختلف الفاظ کے معانی، افعال کی نوعیت، صیغے، مادہ اور اجزائے کلام کی وضاحت پھر مختلف مفسرین کی آرا بصورتِ اقتباسات بعد ازاں آیاتِ مبارکہ کی حکمت و بصیرت کو واضح کیا ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ وہ مختلف نکات کی توضیح اور آیاتِ مبارکہ کے مطالب کا حالاتِ حاضرہ خصوصاً عالمِ اسلام اور پاکستان کے حالات سے ربط قائم کر کے یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ قرآنی ہدایت سے روگردانی کا نتیجہ عبرت انگیز ہوتا ہے۔

شیخ عمر فاروق ایک گہرے دلی جذبے اور دردمندی کے ساتھ قرآنی دعوت اور پیغام کو عام لوگوں تک پہنچانے کی تدبیر میں لگے ہوئے ہیں۔ پارہ اول کا ایڈیشن اُنھوں نے بطورِ تحفہ تقسیم کیا تھا اور زیر نظر جلد بھی بلامعاوضہ ہے جسے ان سے (بذریعہ ڈاک نہیں) دستی وصول کیا جاسکتا ہے۔ فون نمبر ۷۵۸۵۹۶۰-۰۴۲۔

© rasailojaraid.com